6جولائی2020ء

اسٹیٹ بینک نے صحت کی سہولتوں کے لیے ری فنانس سہولت کا دائرہ کار بڑھادیا

17مارچ2020ء کو اسٹیٹ بینک نے اسپتالوں اور شعبہ صحت کو خدمات کی فراہمی میں مدد دینے کے لیے 'ری فنانس فیسلٹی ٹو کمبات کووڈ19' (RFCC) کے نام سے ایک ری فنانس اسکیم متعارف کرائی۔اس اسکیم کے تحت بینک کووڈ19 سے براہ راست مقابلے میں شعبہ صحت کی استعداد کاری بڑھانے اور اس کی معاونت کی خاطر اسپتالوں اور طبّی مراکز کو طبّی آلات کی خریداری اور آئسولیشن وارڈز کے قیام کے لیے 5سال کی مدت کے لیے 3 فیصد کی صارف شرح پر رعایتی قرضے مہیا کررہے ہیں۔اسکیم کے آغاز سے 2جولائی 2020ء تک اسپتالوں اور دیگر اہل اداروں کو کووڈ19 سے مقابلے میں مدد دینے کے لیے 6.4ارب روپے کے رعایتی قرضوں کی منظوری دی جاچکی ہے۔

حوصلہ افزا ردعمل اور ملک میں صحت کی سہولتوں کی تیاری میں مدد کے امکانات کے پیش نظر **اسٹیٹ بینک نے اب اس ری فنانس سہولت کے دائرہ کار میں مزید توسیع کردی ہے۔** اب اس اسکیم کے تحت حفاظتی لباس اور ساز و سامان بشمول ماسک، لباس، ٹیسٹنگ کٹس، اسپتال کے بستر، وینٹی لیٹروں وغیرہ کے تیار کنندگان کو آر ایف سی سی کے تحت مالی اعانت حاصل کرنے کی اجازت دے جارہی ہے۔مزید برآں، ملک میں صحت کی عمومی سہولتوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات سے نمٹنے کے لیے اسٹیٹ بینک نے کووڈ19 کے علاوہ دیگر امراض کے مریضوں کو خدمات فراہم کرنے والے اسپتالوں کو بھی اس سہولت سے استفادے کی اجازت دی ہے۔کم سے کم مقررہ معیارات کو پورا کرنے والے اسپتالوں کے قیام یا موجودہ اسپتالوں میں توسیع کے لیے یہ ری فنانس سہولت دستیاب ہوگی۔اس اسکیم کے تحت نئے اسپتالوں کے قیام کے لیے متعلقہ سنگ میل عبور کرنے پر بینکوں کی جانب سے رقوم جاری کی جائیں گی۔تفصیلات اس ویب لنک پر دستیاب سرکلر میں دی گئی ہیں:
http://www.sbp.org.pk/smefd/circulars/2020/CL16.htm

آر ایف سی سی انتہائی رعایتی سہولت ہے جس میں اسٹیٹ بینک صفر فیصد پر بینکوں کو ری فنانس فراہم کرتا ہے جبکہ بینک زیادہ سے زیادہ 3 فیصد کا مارجن رکھ سکتے ہیں۔کچھ بینک اسے اپنے سی ایس آر کا حصہ سمجھتے ہوئے بہت کم مارجن رکھے ہوئے ہیں۔

***